# میزان

وخیر جلیس فی الزمان کتاب



## تبصرۂ کتب

نام کتاب : "اسلامی تعلیمات"
مؤلف : بریگیڈیئر ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمٰن،
صفحات : ۳۱۲،
قیمت : درج نہیں،
ناشر : دارالاشاعت، اردو بازار، کراچی
تبصرہ نگار : مولانا سید اظہر سعید، جامعہ کراچی،

جناب بریگیڈیئر قاری فیوض الرحمٰن، بہت سی کتب کے مؤلف اور مشہور علمی شخصیت ہیں، اور اس وقت ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی میں ڈائریکٹر ایجوکیشن کے منصب پر فائز ہیں، زیر نظر کتاب اسلامی تعلیمات کے مختلف اہم پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے، اس کا آغاز عقائد سے ہوتا ہے، پھر اسلام کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں، عقائد کی تفصیل ہے، ارکانِ اسلام کا بیان ہے، اسلامی تہذیب اور اخلاقِ حسنہ کے مختلف پہلوؤں کو مختلف مختصر مختصر عنوانات کے تحت بیان کیا گیا ہے، اہم بات یہ ہے کہ مفرد عربی الفاظ کے معانی دے کر عربی زبان سکھانے کی کوشش کی گئی ہے، جو لائق تحسین اور قابل تقلید ہے، اس طرح کی کتاب طلبا، خصوصاً بچوں کے لئے مفید ہے، حروف خوانی پر مزید توجہ کی ضرورت ہے۔

نام کتاب : "سیرت النبی ﷺ"
مؤلف : ابن خلدون
مترجم : ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری
صفحات : ۲۷۰
قیمت : ۱۰۰ روپے